محرم کی تجلیاں | از مولانا سید مناظر احسن گیلانی ۔ یہ رسالہ انجمن مذکور کے سلسلۂ اشاعت کا شمارۂ دو
ہے۔ اس میں فاضل صاحب مقالہ نے اپنے مخصوص انداز اور ولولہ انگیز طرز بیان میں محرم کے ماہ مقد
کی برکتوں، اور واقعۂ کربلا کا ذکر کیا ہے۔ پھر جیسا کہ اُن کی عادت ہے، واقعہ کے ہر جزء سے نتائج بھی
چلے گئے ہیں۔ رسالہ اس قدر مؤثر اور دلچسپ ہے کہ ایک مرتبہ اُس کو شروع کر دینے کے بعد ختم کیے
رکھ دینا بہت گراں گذرتا ہے۔ واقعہ کربلا سے متعلق بہت سی بے سروپا روایتیں عوام میں مشہور ہیں
اس لیے اصل واقعہ کی صحیح حقیقت کو معلوم کرنے، اور دیدۂ ایمان و یقین میں روشنی پیدا کرنے کے
اس رسالہ کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔ ضخامت ۳۲ صفحات، تقطیع بڑی۔ ان سب خوبیوں کے باوجو
اس کی قیمت ۱؍ مفت کی برابر ہے۔ اللہ تعالیٰ انجمن کے نوجوانوں کو بیش از بیش توفیق صبر و استقلا
عطا فرمائے کہ مسلمانوں میں مذہبی لٹریچر کی عام اشاعت کے لیے یہ خوب کام کر رہے ہیں۔

معیار السنۃ لختم النبوۃ | از مولانا محمود حسن خانصاحب ٹونکی، تقطیع بڑی ضخامت ۹۵ صفحات۔ کتابت
طباعت و کاغذ معمولی قیمت ۸؍ پتہ:۔ کتاب خانہ عابد شاپ۔ حیدر آباد دکن۔

ختم نبوت کا مسئلہ اسلام کے اُن مسلمہ اور بدیہی مسائل میں سے ہے جن کو آج کل کے بعض
خود غرض لوگوں نے نظری بنا لیا ہے۔ مولانا ٹونکی نے اس رسالہ میں قرآن مجید اور سُنت مقدسہ کی رو
میں اسی مسئلہ پر جامع اور سیر حاصل کلام کیا ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں آپ نے پہلے دین اسلام کی نسبت
تشریح کی ہے کہ یہی دین دنیا کا سب سے آخری دین الٰہی ہے۔ پھر نبوت کی تعریف کر کے بتایا ہے کہ نبی
صرف وہی ہو سکتا ہے جس نے دین کی تعلیم حضرت جبریلؑ کے واسطہ سے حاصل کی ہو۔ اس کے
ختم نبوت کی حکمت پر تفصیلی کلام ہے۔ اور پھر جن آیات سے ختم نبوت کا ثبوت قطعی طور پر ہوتا ہے ان
کی تفسیر و تشریح احادیث کی روشنی میں کی ہے۔ اور اس سلسلہ میں آپ نے ایک ہی آیت کی گیارہ تفسیر
نقل کی ہیں۔ پھر مختلف ائمۂ دین اور صوفیاء کرام کی معتبر تصنیفات کے حوالوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ